© rasailojaraid.com

# نعت

سب غوث ، سب ولی ، سبھی اقطاب آپ کے
ہیں آفتاب و کوکب و مہتاب آپ کے

سیرت کا حرف حرف ہے قندیل آگہی
کندہ ہیں لوحِ وقت پہ ابواب آپ کے

سلطانِ دہر ، نازِ جہاں ، فخر کائنات
جھومر ہیں کائنات کا القاب آپ کے

یوں تو ہے ایک معجزہ ہر کام آپ کا
سب سے بڑا ہے معجزہ اصحاب آپ کے

ہیں آپ ایک گلشن توحید کی مثال
گل ہائے رنگا رنگ ہیں احباب آپ کے

ضو ریز ہیں حضور کے جوہر صدف صدف
ساحل فروز ہیں درِ نایاب آپ کے

دل میں ہے میرے پیار کی دنیا بسی ہوئی
آنکھوں میں بس رہے ہیں مری خواب آپ کے

خالد نصیب ہے ہمیں معراج بندگی
عرش جبیں ہیں مسجد و محراب آپ کے

پروفیسر خالد شبیر احمد

© rasailojaraid.com